© rasailojaraid.com

# (بقیہ اشارات)

پر متمکن ہوئے ہیں اور اب بھی اسی کے لیے کوشاں ہیں یہ سب اسی مایوسی کا بالکل فطری نتیجہ ہے۔

---

اس منفی طرزِ فکر کا تیسرا اثر نوخیز نسلوں کے اخلاقی انحطاط میں بخوبی دیکھا جا سکتا ہے۔ ان کے اندر بے اطمینانی کا وہ احساس نظر نہیں آتا جو کسی اطمینان بخش صورتِ حال کی آرزو میں جھلکتا ہے یہاں سرتاپا بغاوت، نفرت، حقارت اور تخریب کے طوفان اٹھتے ہیں اور یوں محسوس ہوتا ہے کہ ہماری نئی نسلیں صرف توڑ پھوڑ اور شکست و ریخت کی دلدادہ ہو کر رہ گئی ہیں۔ وہ صرف تباہ و برباد کرنے کی آرزو رکھتی ہیں، تعمیر و ترقی سے انہیں کوئی غرض نہیں۔ یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کیا جو کچھ یہ نوجوان آج کر رہے ہیں کیا یہ کوئی اتفاقی حادثہ ہے؟ صورتِ حال پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جو کچھ اس ملک میں اس وقت ہو رہا ہے یہ سارا مذہب سے انحراف کا فطری نتیجہ ہے جسے ایک منصوبے کے تحت شروع کر کے یہاں تک پہنچایا گیا ہے۔ اس کی غرض یہ تھی کہ اہلِ پاکستان، خصوصاً اس کی نوجوان نسلوں کی تہذیب کرنے والے داخلی محرکات کا خاتمہ ہو، ان کے دلوں سے خدا خوفی کا احساس ختم ہو، آخرت کی باز پرس کے خوف سے ان کے دماغ خالی ہو جائیں، سیرت و کردار کے اعلیٰ نمونوں کے خلاف ان کے اندر بیزاری اور تنفر کا جذبہ پیدا ہو اور پھر جب وہ بالکل بے قابو ہو کر تباہی اور بربادی کے لیے نکلیں تو انہیں آہنی شکنجوں میں کس دیا جائے اور عوام کو بھی اس بات پر اطمینان ہو کہ اس ایک حربے کے خلاف ان کے لیے کوئی دوسرا حربہ کارگر بھی نہیں ہو سکتا۔

---

جو لوگ قوم کو آمریت کی جکڑ بندیوں میں جکڑ کر رکھنا چاہتے ہیں وہ شروع ہی سے اس ملک کے باشندوں کو ذہنی اور جذباتی اعتبار سے اس کے لیے تیار کر رہے ہیں نظامِ تعلیم و تربیت سے بالکل غفلت برتی جا رہی ہے۔ اس کے مقابلے میں شروع ہی سے یہاں جابرانہ قوانین کی بھرمار نظر آتی ہے۔ یہ قوانین آمریت کی طرف پہلا قدم تھے۔ ان کے جواز میں یہ دلیل دی جاتی تھی کہ ملک کے حالات اتنے خراب ہیں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

چکے ہیں کہ ان کے بغیر نظم و ضبط کو برقرار نہیں رکھا جا سکتا۔ یہ جابرانہ قوانین صاف بتا رہے تھے کہ ملک کو کس نہج پر آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ اس کے بعد ۱۹۵۳ء میں جزوی مارشل لا لگا دیا گیا جس کی حیثیت آزمائشی مارشل لا کی تھی تاکہ قوم کے ردِ عمل کو دیکھا جا سکے! اس کے بعد ۱۹۵۸ء میں پورے ملک پر آمریت مسلط کر دی گئی۔ اُس وقت مارشل لا لگنے پر عوام نے جس مسرت کا اظہار کیا تھا اس سے صاف پتہ چل رہا تھا کہ قوم کو آمریت کا کافی حد تک خوگر بنا دیا گیا ہے اور اس کے ذہن میں یہ بات کسی حد تک بیٹھ چکی ہے کہ اندھی بہری قوت کے بغیر اور جکڑ بندیوں سے بے نیاز ہو کر اس قوم کو ترقی کی راہ پر نہیں لگایا جا سکتا۔ اس دس سالہ دورِ آمریت میں حکومت نے ایسا منفی طرزِ عمل اختیار کیا جس سے قوم مزید انتشار کا شکار ہوئی۔ اس عہد کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ ہر متبادل قیادت کے اُبھرنے کا امکان ختم کرنے کی کوشش کی گئی، سرکار پرستوں کے سوا ملک کی ہر شخصیت اور جماعت کا اعتماد عوام کے دلوں سے نکال دینے کے لیے تمام ذرائع اختیار کیے گئے، اور تخریبی رجحانات کو اس قدر پروان چڑھایا گیا کہ جب جمہوریت بحال ہونے کے کچھ امکانات پیدا ہونے لگے تو وہ ہنگامے برپا کر دیئے گئے جن کی بدولت ملک میں پھر مارشل لا نافذ کرنا پڑا۔

---

صدر یحییٰ اگرچہ بار بار اس عزم کا اظہار کر چکے ہیں کہ وہ عنانِ اقتدار عوامی نمائندوں کو سونپ کر خود فوج میں واپس جانا چاہتے ہیں۔ آج تک انہوں نے اس معاملے میں جو اقدامات کیے اُن سے ان کے عزم کا اخلاص بھی ظاہر ہوتا ہے۔ مگر جن تخریب پسند قوتوں نے انسانوں کو ان کی اپنی فطرت سے اور پاکستان کے مستقبل سے مایوس کر دیا ہے اور ان کے اندر ایک ہمہ گیر بغاوت کے رجحانات پیدا کر دیئے ہیں، وہ یہ آس لگائے بیٹھی ہیں کہ قوم اب جکڑ بندیوں ہی میں فلاح و کامرانی کی راہ ڈھونڈے گی اور کبھی بھی اس فطری راہ کو اختیار نہ کرے گی جس میں انسان کو انسان سمجھ کر معاملہ کیا جاتا ہے اور سیاسی اور قانونی جکڑ بندیوں کے بجائے اس کی تہذیبِ نفس کی فکر کی جاتی ہے۔

---

© rasailojaraid.com